وَاجْتَبَيْتَهُ لِمُشَاهَدَتِكَ وَاَخْلَيْتَ وَجْهَهُ

اور ان کو اپنے جلووں کے مشاہدے کے لیے چن لیا ان کے چہروں کو

لَكَ وَفَرَّغْتَ فُؤَادَهُ لِحُبِّكَ وَرَغَّبْتَهُ فِيمَا

اپنے حضور جھکایا ان کے دلوں کو اپنی محبت کیلئے فارغ کیا اور جو

عِنْدَكَ وَاَلْهَمْتَهُ ذِكْرَكَ وَاَوْزَعْتَهُ

کچھ تیرے پاس ہے اس کی چاہت دی انہیں اپنا ذکر تعلیم کیا

شُكْرَكَ وَشَغَلْتَهُ بِطَاعَتِكَ وَصَيَّرْتَهُ مِنْ

ان کو اپنے شکر کی توفیق دی اور اپنی اطاعت میں مشغول کیا انہیں اپنی نیک مخلوق

صَالِحِي بَرِيَّتِكَ وَاخْتَرْتَهُ لِمُنَاجَاتِكَ

میں سے قرار دیا اور انہیں اپنی مناجات کے لیے چنا تو نے ان سے وہ تمام

وَقَطَعْتَ عَنْهُ كُلَّ شَيْءٍ يَقْطَعُهُ عَنْكَ اَللّٰهُمَّ

چیزیں الگ کر دیں جو انہیں تجھ سے جدا کر سکتی تھیں اے معبود ہمیں ان

اجْعَلْنَا مِمَّنْ دَأْبُهُمُ الْاِرْتِيَاحُ اِلَيْكَ

لوگوں میں قرار دے جو تیری بارگاہ کا شوق و خوشدلی رکھتے ہیں

وَالْحَنِيْنُ وَدَهْرُهُمُ الزَّفْرَةُ وَالْاَنِيْنُ

جن کی زندگی آہ و زاری سے عبارت ہے ان کی پیشانیاں تیری بڑائی

جِبَاهُهُمْ سَاجِدَةٌ لِعَظَمَتِكَ وَعُيُوْنُهُمْ

کے آگے جھکی ہوئی ہیں ان کی آنکھیں تیرے حضور بیدار رہتی ہیں

سَاهِرَةٌ فِيْ خِدْمَتِكَ وَدُمُوْعُهُمْ سَائِلَةٌ مِنْ

تیرے خوف میں ان کے آنسو رواں ہیں انکے دل تیری محبت

خَشْيَتِكَ وَقُلُوْبُهُمْ مُتَعَلِّقَةٌ بِمَحَبَّتِكَ

میں لگے بندھے ہیں ان کے باطن تیرے رعب سے پگھلے ہوئے ہیں

وَأَفْئِدَتُهُمْ مُنْخَلِعَةٌ مِنْ مَهَابَتِكَ يَا مَنْ

اے وہ جس کی پاکیزگی کے انوار محبوں کو بھلے لگتے ہیں اور اس کی

أَنْوَارُ قُدْسِهٖ لِاَبْصَارِ مُحِبِّيْهِ رَائِقَةٌ

ذات کے جلوے سے عارفوں کے دلوں کو کھولنے والے ہیں اے شوق رکھنے

وَسُبُحَاتُ وَجْهِهِ لِقُلُوبِ عَارِفِيهِ شَائِقَةٌ

والے دلوں کی آرزو اے محبوں کے ارمانوں کی انتہا میں تجھ سے

يَا مُنَى قُلُوبِ الْمُشْتَاقِينَ وَيَا غَايَةَ آمَالِ

تیری محبت اور تجھ سے محبت کرنے والوں کی محبت مانگتا ہوں

الْمُحِبِّينَ اَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ

اور ہر اس عمل کی محبت جو مجھے تیرے نزدیک کرنے والا ہے

وَحُبَّ كُلِّ عَمَلٍ يُوصِلُنِي اِلَى قُرْبِكَ وَأَنْ

میں چاہتا ہوں کہ دوسروں سے زیادہ اپنی ذات کو میرا محبوب بنا اور یہ کہ

تَجْعَلَكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا سِوَاكَ وَأَنْ تَجْعَلَ

میں تجھ سے جو محبت کرتا ہوں اسے میرے لیے دخول جنت کا ذریعہ بنا

حُبِّي اِيَّاكَ قَائِدًا اِلَى رِضْوَانِكَ وَشَوْقِي

اور تیرے لیے میرا جو شوق ہے اسے نافرمانیوں سے مانع بنا

اِلَيْكَ ذَائِدًا عَنْ عِصْيَانِكَ وَامْنُنْ بِالنَّظَرِ

اور اپنی نظر عنایت کرکے مجھ پر احسان فرما مجھ کو نرمی اور

اِلَيْكَ عَلَيَّ وَانْظُرْ بِعَيْنِ الْوُدِّ وَالْعَطْفِ

محبت کی نظروں سے دیکھ اور مجھ سے اپنی توجہ نہ ہٹا مجھے اپنے

إِلَيَّ وَلَا تَصْرِفْ عَنِّي وَجْهَكَ وَاجْعَلْنِي مِنْ
نزدیک اہل سعادت اور بہرہ مندوں میں قرار دے
أَهْلِ الْإِسْعَادِ وَالْحُظْوَةِ عِنْدَكَ يَا مُجِيبُ
اے دعا قبول کرنے والے اے سب سے
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ
زیادہ رحم کرنے والے۔

اللھم صل علی محمد و آل محمد

برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

سیّدہ تمثیل زہراء بنت سید علی قنبر زیدی

جملہ مومنین و مومنات و شہدائے ملت جعفریہ

ShianeAli.com
UmmulBaneen.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِي لَيْسَ لِي وَسِيلَةٌ إِلَيْكَ إِلَّا

میرے معبود تیری درگاہ تک تیرے کرم اور مہربانیوں کے علاوہ

عَوَاطِفُ رَأْفَتِكَ وَلَا لِي ذَرِيعَةٌ إِلَيْكَ

میرا کوئی وسیلہ نہیں مگر تیرا کرم اور مہربانیاں اور

إِلَّا عَوَارِفُ رَحْمَتِكَ وَشَفَاعَةُ نَبِيِّكَ نَبِيِّ

تجھ تک پہنچنے کا میرا کوئی ذریعہ نہیں مگر تیری رحمت اور احسان

الرَّحْمَةِ وَمُنْقِذِ الْأُمَّةِ مِنَ الْغُمَّةِ

اور تیرے نبیؐ رحمت کی شفاعت جو امت کو گمراہی سے نکالنے

فَاجْعَلْهُمَا لِي سَبَبًا اِلَى نَيْلِ غُفْرَانِكَ

والے ہیں ان دونوں کو میرے لیے اپنی بخشش کے حصول کا ذریعہ بنا

وَصَيِّرْهُمَا لِي وُصْلَةً اِلَى الْفَوْزِ

اور انہی دونوں کو میرے لیے اپنی رضا تک پہنچنے کا وسیلہ قرار دے

بِرِضْوَانِكَ وَقَدْ حَلَّ رَجَائِي بِحَرَمِ

میری امیدیں تیری بارگاہ کرم سے وابستہ ہیں اور

كَرَمِكَ وَحَطَّ طَمَعِي بِفِنَاءِ جُودِكَ فَحَقِّقْ

میری خواہش مجھے تیرے آستان سخاوت پر لائی ہے

فِيكَ أَمَلِي وَاخْتِمْ بِالْخَيْرِ عَمَلِي

پس میری امید پوری فرما میرے عمل کا انجام بہ خیر کر مجھے اہل صفا

وَاجْعَلْنِي مِنْ صَفْوَتِكَ الَّذِينَ

میں قرار دے جن کو تو نے اپنی جنت کے بیچوں بیچ جگہ عطا کی ہے

أَحْلَلْتَهُمْ بُحْبُوحَةَ جَنَّتِكَ وَبَوَّأْتَهُمْ دَارَ

اور انہیں اپنے کرامت والے گھر میں رکھا تو نے یوم ملاقات اپنی درگاہ

كَرَامَتِكَ وَأَقْرَرْتَ أَعْيُنَهُمْ بِالنَّظَرِ

کی طرف نظر کرنے سے ان کی آنکھوں کو روشن کیا اور انہیں اپنے قرب

إِلَيْكَ يَوْمَ لِقَائِكَ وَأَوْرَثْتَهُمْ مَنَازِلَ

میں صدق کی منزلوں کا وارث بنایا اے وہ کہ

الصِّدْقِ فِي جِوَارِكَ يَا مَنْ لَا يَفِدُ

وارد ہونے والے اس سے زیادہ کریم کے ہاں وارد نہیں ہوتے

الْوَافِدُونَ عَلَى أَكْرَمَ مِنْهُ وَلَا يَجِدُ

اور نہ ہی قصد کرنے والے کوئی اس

الْقَاصِدُونَ اَرْحَمَ مِنْهُ يَا خَيْرَ مَنْ خَلَا

سے زیادہ رحم والا پاتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے تنہائی میں

بِهِ وَحِيدٌ وَيَا اَعْطَفَ مَنْ آوَى اِلَيْهِ

ملاقات کی جائے اور اے بہت مہربان کہ ہر دور کیا ہوا تیرے ہی

طَرِيدٌ اِلَى سَعَةِ عَفْوِكَ مَدَدْتُ يَدِي

وسیع دامان عفو میں پناہ حاصل کرتا ہے میں نے اپنا ہاتھ پھیلایا

وَبِذَيْلِ كَرَمِكَ اَعْلَقْتُ كَفِّي فَلَا تُولِنِي

اور تیرے دامن سخاوت کو اپنی ہاتھ سے تھام لیا ہے

الْحِرْمَانَ وَلَا تُبْلِنِي بِالْخَيْبَةِ وَالْخُسْرَانِ

پس مجھے ناامید نہ فرما اور مجھے رسوائی اور گھاٹے سے دوچار نہ کر

يَا سَمِيعَ الدُّعَاءِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اے دعا کے سننے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ عَجِّلْ فَرَجَهُمْ

وَ اَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ الْاَوَّلِينَ وَ الْاٰخِرِينَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِی كَسْرِی لَا یَجْبُرُهُ اِلَّا لُطْفُكَ وَحَنَانُكَ

میرے معبود کوئی میری شکستگی کو بحال نہیں سکتا مگر تیرا لطف و مہربانی

وَفَقْرِی لَا یُغْنِیهِ اِلَّا عَطْفُكَ وَاِحْسَانُكَ

اور مجھے محتاجی سے کوئی نہیں نکال سکتا مگر تیری نوازش اور تیرا

وَرَوْعَتِی لَا یُسَكِّنُهَا اِلَّا أَمَانُكَ وَذِلَّتِی لَا

احسان کوئی میرے خوف کو سکون میں نہیں بدل سکتا مگر تیری

یُعِزُّهَا اِلَّا سُلْطَانُكَ وَاُمْنِیَّتِی لَا یُبَلِّغُنِیهَا

پناہ کوئی میری ذلت کو عزت سے نہیں بدل سکتا مگر تیری قوت

اِلَّا فَضْلُكَ وَخَلَّتِی لَا یَسُدُّهَا اِلَّا طَوْلُكَ

کوئی میری آرزو پوری نہیں ہو سکتی مگر تیرے فضل سے کوئی میری

وَحَاجَتِی لَا یَقْضِیهَا غَیْرُكَ وَكَرْبِی لَا

حاجت بر نہیں آتی مگر تیری بخشش سے کوئی میری ضرورت پوری

یُفَرِّجُهُ سِوَی رَحْمَتِكَ وَضُرِّی لَا یَكْشِفُهُ

نہیں کر سکتا سوائے تیرے میری مصیبت نہیں کٹتی بجز اس کے

غَيْرُ رَأْفَتِكَ وَغُلَّتِي لَا يُبَرِّدُهَا إِلَّا

کہ تو رحمت فرمائے میری بے چارگی رفع نہیں ہوتی

وَصْلُكَ وَلَوْعَتِي لَا يُطْفِيهَا إِلَّا لِقَاؤُكَ

سوائے تیری مہربانی کے میرے سینے کی جلن کو

وَشَوْقِي إِلَيْكَ لَا يَبُلُّهُ إِلَّا النَّظَرُ إِلَى

تیرا ہی وصال ٹھنڈک پہنچا سکتا ہے میرے سوز دل کو تیری

وَجْهِكَ وَقَرَارِي لَا يَقِرُّ دُونَ دُنُوِّي مِنْكَ

ملاقات ہی خنک کرسکتی ہے میرے شوق کو تیرے جلوے کا

وَلَهْفَتِي لَا يَرُدُّهَا إِلَّا رَوْحُكَ وَسُقْمِي لَا

نظارہ ہی تسکین دے سکتا ہے سوائے تیرے قرب کے مجھے قرار نہیں مل سکتا

يَشْفِيهِ إِلَّا طِبُّكَ وَغَمِّي لَا يُزِيلُهُ إِلَّا

میرے رنج و غم کو تیری خوشنودی ہی مٹا سکتی ہے اور میری

قُرْبُكَ وَجُرْحِي لَا يُبْرِئُهُ إِلَّا صَفْحُكَ وَرَيْنُ

بیماری دور نہیں ہوتی مگر تیری دوا سے میرا غم نہیں جاتا

قَلْبِي لَا يَجْلُوهُ إِلَّا عَفْوُكَ وَوَسْوَاسُ

مگر تیرے قرب سے تیری ہی چشم پوشی میرے زخم کو اچھا کرسکتی ہے

صَدْرِی لَا یُزِیحُهُ اِلَّا اَمْرُكَ فَیَا مُنْتَهیٰ

تیرا عفو ہی میرے دل کے میل کو صاف کر سکتا ہے تیرے ہی حکم سے

أَمَلِ الْآمِلِیْنَ وَیَا غَایَةَ سُؤْلِ السَّائِلِیْنَ

میرے سینے کا وسواس دور ہوسکتا ہے پس اے امید کرنے والوں

وَیَا أَقْصیٰ طَلِبَةِ الطَّالِبِیْنَ وَیَا أَعْلیٰ رَغْبَةِ

کی امید کی انتہا اے سوالیوں کی انتہا اے طلب کرنے والوں کی

الرَّاغِبِیْنَ وَیَا وَلِیَّ الصَّالِحِیْنَ وَیَا أَمَانَ

انتہائی طلب اے رغبت کرنے والوں کی رغبت سے بالاتر

الْخَائِفِیْنَ وَیَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ

اے نیکوکاروں کے سرپرست اے ڈرے ہوؤں کی پناہ گاہ

وَیَا ذُخْرَ الْمُعْدِمِیْنَ وَیَا کَنْزَ الْبَائِسِیْنَ

اے بے قراروں کی دعائیں قبول کرنے والے

وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا قَاضِیَ

اے ناداروں کے سرمایہ اے درماندوں کے خزانے

حَوَائِجِ الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ وَیَا أَکْرَمَ

اے دادخواہوں کے داد رس اے فقرائ و مساکین کی حاجتیں پوری کرنے والے

الْاَکْرَمِینَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ لَکَ

اے عزت داروں میں بڑے عزت دار اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

تَخَضُّعِی وَسُؤَالِی وَاِلَیْکَ تَضَرُّعِی وَابْتِہَالِی

تیرے آگے عاجزی کرتا ہوں اور تجھی سے ہی سوال کرتا ہوں

أَسْأَلُکَ اَنْ تُنِیلَنِی مِنْ رَوْحِ رِضْوَانِکَ

تیرے ہی سامنے فریاد و زاری کرتا ہوں میں سوال کرتا ہوں کہ

وَتُدِیمَ عَلَیَّ نِعَمَ امْتِنَانِکَ وَہَا أَنَا

اپنی نسیم رضا مجھ تک پہنچا دے اور ہمیشہ مجھ پراحسان و کرم فرما

بِبَابِ کَرَمِکَ وَاقِفٌ وَ نَفَحَاتِ بِرِّکَ

ہاں اب میں تیرے در سخاوت پر آ کھڑا ہوں اور تیرے بہترین

تَعَرُّضٌ وَبِحَبْلِکَ الشَّدِیدِ مُعْتَصِمٌ

عطیات کا منتظر ہوں اور تیری مضبوط رسی کو پکڑے ہوئے ہوں

وَبِعُرْوَتِکَ الْوُثْقَی مُتَمَسِّکٌ اِلٰہِی ارْحَمْ

اور تیری محکم ڈوری کو تھامے ہوئے ہوں میرے معبود اپنے اس

عَبْدَکَ الذَّلِیلَ ذَا اللِّسَانِ الْکَلِیلِ

پست بندے پر رحم فرما جس کی زبان گنگ اور

وَالْعَمَلِ الْقَلِيْلِ وَامْنُنْ عَلَيْهِ بِطَوْلِكَ
عمل بہت کم ہے اس پر اپنی فزوں تر سخاوت سے احسان فرما
الْجَزِيْلِ وَاكْنُفْهُ تَحْتَ ظِلِّكَ الظَّلِيْلِ
اور اپنے بلند تر سائے تلے پناہ دے اے کریم اے جمیل
يَا كَرِيْمُ يَا جَمِيْلُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ
وَاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

برائے ترحیم

بیگم و سید طاہر عباس زیدی

بیگم و سید الطاف نظر زیدی

بیگم و سید شکیل حیدر زیدی

بیگم و سید مظاہر حسین زیدی

سید رضی حیدر (شہید) ابن نایاب زیدی

سید حسن عسکری زیدی ابن سید الطاف نظر زیدی

وجملہ مومنین ومومنات شہدائے ملت جعفریہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِي قَصُرَتِ الْاَلْسُنُ عَنْ بُلُوغِ

میرے معبود تیری جلالت شان کے مناسب تیری تعریف

ثَنائِكَ كَمَا يَلِيقُ بِجَلَالِكَ وَعَجَزَتِ

کرنے میں زبانیں گنگ ہیں اور تیرے جمال کی حقیقت کو سمجھنے سے

الْعُقُولُ عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِ جَمَالِكَ

لوگوں کی عقلیں عاجز ہیں تیری ذات کے جلووں کی طرف نظر کرنے

وَانْحَسَرَتِ الْاَبْصَارُ دُونَ النَّظَرِ اِلَى

سے آنکھیں درماندہ ہو کر رہ جاتی ہیں لوگوں کے لیے تیری

سُبُحَاتِ وَجْهِكَ وَلَمْ تَجْعَلْ لِلْخَلْقِ

معرفت کا حصول بس یہی ہے کہ وہ تیری معرفت سے قاصر ہیں

طَرِيقًا اِلَى مَعْرِفَتِكَ إِلَّا بِالْعَجْزِ عَنْ

میرے معبود مجھے ان لوگوں میں سے قرار دے

مَعْرِفَتِكَ اِلٰهِي فَاجْعَلْنَا مِنَ الَّذِينَ

جن کے سینوں کے باغیچوں میں تیرے شوق کے درخت جڑیں

تَرَسَّخَتْ اَشْجَارُ الشَّوْقِ إِلَيْكَ فِي حَدَائِقِ

پکڑ چکے ہیں اور تیرے سوز محبت نے ان کے دلوں کو

صُدُورِهِمْ وَأَخَذَتْ لَوْعَةُ مَحَبَّتِكَ

گھیرا ہوا ہے اب وہ یادوں کے آشیانے میں پناہ لیے ہوئے ہیں

بِمَجَامِعِ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ إِلَى أَوْكَارِ الْأَفْكَارِ

اور تیرے قرب اور جلوے کے باغوں میں سیر کر رہے ہیں

يَأْوُونَ وَفِي رِيَاضِ الْقُرْبِ وَالْمُكَاشَفَةِ

وہ تیری محبت کے چشموں سے جام الفت کے گھونٹ پی رہے ہیں

يَرْتَعُونَ وَمِنْ حِيَاضِ الْمَحَبَّةِ بِكَأْسِ

اور صاف ستھرے گھاٹوں پر وارد ہیں ان کی آنکھوں سے

الْمُلَاطَفَةِ يَكْرَعُونَ وَشَرَائِعَ الْمُصَافَاةِ

پردہ اٹھ چکا ہے اور شک کی کالک ان کے

يَرِدُونَ قَدْ كُشِفَ الْغِطَاءُ عَنْ أَبْصَارِهِمْ

عقیدوں اور ضمیروں سے دور ہوگئی ہے ان کے دلوں

وَانْجَلَتْ ظُلْمَةُ الرَّيْبِ عَنْ عَقَائِدِهِمْ

اور باطنوں سے شبہ کے اثرات ختم

وَضَمَائِرِهِمْ وَانْتَفَتْ مُخَالَجَةُ الشَّكِّ عَنْ

ہو گئے ہیں صحیح معرفت حاصل ہونے سے ان کے سینے

قُلُوبِهِمْ وَسَرَائِرِهِمْ وَانْشَرَحَتْ

کھل چکے ہیں حصول سعادت کے لیے زہد میں ان کی ہمتیں بلند

بِتَحْقِيقِ الْمَعْرِفَةِ صُدُورُهُمْ وَعَلَتْ

ہو گئی ہیں کردار کے چشمہ میں ان کا پینا شیریں ہے

لِسَبْقِ السَّعَادَةِ فِي الزَّهَادَةِ هِمَمُهُمْ

انس و محبت کی محفل میں ان کا باطن صاف ہے خوفناک جگہوں

وَعَذُبَ فِي مَعِينِ الْمُعَامَلَةِ شِرْبُهُمْ

پر ان کا گروہ امن میں ہے اور پالنے والوں

وَطَابَ فِي مَجْلِسِ الْأُنْسِ سِرُّهُمْ وَأَمِنَ

کے پالنے والے کی طرف بازگشت سے ان کے نفس مطمئن ہیں

فِي مَوْطِنِ الْمَخَافَةِ سِرْبُهُمْ وَاطْمَأَنَّتْ

ان کی روحوں کو بخشش و کامیابی کا یقین ہے

بِالرُّجُوعِ إِلَى رَبِّ الْأَرْبَابِ أَنْفُسُهُمْ

ان کی آنکھیں دیدار محبوب سے خنک ہیں ان کو حاجتیں پوری

وَتَیَقَّنَتْ بِالْفَوْزِ وَالْفَلاَحِ أَرْوَاحُهُمْ

ہونے اور مرادیں بر آنے سے قرار حاصل ہے

وَقَرَّتْ بِالنَّظَرِ اِلَى مَحْبُوبِهِمْ أَعْيُنُهُمْ

آخرت کے بدلے دنیا بیچنے سے ان کا سودا نفع بخش ہے

وَاسْتَقَرَّبَ اِدْرَاكِ السُّؤْلِ وَنَيْلِ

میرے معبود کیا ہی مزہ ہے ان خیالوں میں جو تیرے ذکر

الْمَأْمُولِ قَرَارُهُمْ وَرَبِحَتْ فِي بَيْعِ

سے دلوں میں آتے ہیں اور کتنا شیریں ہے

الدُّنْيَا بِالآخِرَةِ تِجَارَتُهُمْ اِلٰهِي مَا أَلَذَّ

تیری طرف وہ سفر جو بخیال خود غیب کے راستوں پر جاری ہے

خَوَاطِرَ الاِلْهَامِ بِذِكْرِكَ عَلَى الْقُلُوبِ

کتنا اچھا ہے تیری محبت کا ذائقہ اور کتنا میٹھا ہے

وَمَا أَحْلَى الْمَسِيرَ إِلَيْكَ بِالأَوْهَامِ فِي

تیرے قرب کا شربت پس بچا ہمیں کہ تیرے ہاں سے

مَسَالِكِ الْغُيُوبِ وَمَا أَطْيَبَ طَعْمَ

ہانکے جائیں اور تجھ سے دور رہیں ہمیں اپنے

حُبِّكَ وَمَا أَعْذَبَ شِرْبَ قُرْبِكَ فَأَعِذْنَا

خصوصی عارفوں اور صالح ترین بندوں میں

مِنْ طَرْدِكَ وَإِبْعَادِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ

قرار دے اور اپنے سچے فرمانبرداروں اور

أَخَصِّ عَارِفِيكَ وَأَصْلَحِ عِبَادِكَ

کھرے عبادت گزاروں میں رکھ اے عظمت والے

وَأَصْدَقِ طَائِعِيكَ وَأَخْلَصِ عُبَّادِكَ يَا

اے جلال والے اے مہربان اے عطا کرنے والے

عَظِيمُ يَا جَلِيلُ يَا كَرِيمُ يَا مُنِيلُ

تجھے تیری رحمت و احسان کا واسطہ

بِرَحْمَتِكَ وَمَنِّكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ

وَاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِی لَوْلَا الْوَاجِبُ مِنْ قَبُولِ اَمْرِكَ

میرے معبود اگر تیرا حکم ماننا واجب نہ ہوتا تو میں تیرا ذکر

لَنَزَّهْتُكَ عَنْ ذِكْرِي إِيَّاكَ عَلَى أَنَّ

اپنی زبان پر نہ لاتا کیونکہ میں تیرا جو ذکر کرتا ہوں

ذِكْرِي لَكَ بِقَدْرِي لَا بِقَدْرِكَ وَمَا عَسَىٰ

وہ میرے اندازے سے ہے نہ تیری شان کے مطابق اور میری کیا

أَنْ يَبْلُغَ مِقْدَارِي حَتَّىٰ أُجْعَلَ مَحَلًّا

بساط کہ میں تیری تقدیس و پاکیزگی کا محل قرار پا سکوں

لِتَقْدِيسِكَ وَمِنْ أَعْظَمِ النِّعَمِ عَلَيْنَا

یہ چیز ہم پر تیری عظیم نعمتوں میں سے ہے

جَرَيَانُ ذِكْرِكَ عَلَىٰ أَلْسِنَتِنَا وَإِذْنُكَ لَنَا

کہ تیرا ذکر ہماری زبانوں پر جاری ہے

بِدُعَائِكَ وَتَنْزِيهِكَ وَتَسْبِيحِكَ اِلٰهِي

اور ہمیں تجھ سے دعا مانگنے اور تیری پاکیزگی و نظافت

فَأَلْهِمْنَا ذِكْرَكَ فِي الْخَلَاءِ وَالْمَلَاءِ

ہمیں اپنے ذکر کی میرے معبود ہے اجازت کی کرنے بیان

وَاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْإِعْلَانِ وَالْإِسْرَارِ

توفیق دے کہ ہم نہاں اور عیاں رات اور دن، ظاہر و باطن

وَفِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَآنِسْنَا بِالذِّكْرِ

اور خوشی و غمی میں تیرا ذکر کیا کریں

الْخَفِيِّ وَاسْتَعْمِلْنَا بِالْعَمَلِ الزَّكِيِّ

ہمیں اپنے پوشیدہ ذکر سے مانوس فرما ہمیں پاکیزہ عمل

وَالسَّعْيِ الْمَرْضِيِّ وَجَازِنَا بِالْمِيزَانِ

اور پسندیدہ کوشش میں لگا اور پوری میزان سے ہمیں جزا دے

الْوَفِيِّ إِلٰهِي بِكَ هَامَتِ الْقُلُوبُ الْوَالِهَةُ

میرا محبت بھرا دل تجھ سے لگاؤ رکھے ہوئے ہے

وَعَلَى مَعْرِفَتِكَ جُمِعَتِ الْعُقُولُ

تیری معرفت میں مختلف قسم کی عقلیں اتفاق رکھتی ہیں

الْمُتَبَايِنَةُ فَلَا تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ

پس دل چین نہیں پکڑتے مگر تیرے ذکر سے اور

إِلاَّ بِذِكْرَاكَ وَلاَ تَسْكُنُ النُّفُوسُ إِلاَّ

تیری ذات پر یقین سے نفسوں کو سکوں ملتا ہے تو ہی ہے

عِنْدَ رُؤْيَاكَ أَنْتَ الْمُسَبَّحُ فِي كُلِّ مَكَانٍ

جس کی تسبیح ہر جگہ ہوتی ہے اور جو ہر زمانے میں معبود ہے

وَالْمَعْبُودُ فِي كُلِّ زَمَانٍ وَالْمَوْجُودُ فِي

اور ہر وقت ہر جگہ موجود ہے اور ہر زبان سے پکارا جاتا ہے

كُلِّ أَوَانٍ وَالْمَدْعُوُّ بِكُلِّ لِسَانٍ

اور ہر دل میں تیری عظمت قائم ہے میں معافی چاہتا ہوں

وَالْمُعَظَّمُ فِي كُلِّ جَنَانٍ وَأَسْتَغْفِرُكَ

تجھ سے تیرے ذکر کے سوا ہر لذت سے تیری محبت کے سوا

مِنْ كُلِّ لَذَّةٍ بِغَيْرِ ذِكْرِكَ وَمِنْ كُلِّ

ہر راحت سے تیری قربت کے سوا ہر خوشی پر اور معافی چاہتا ہوں

رَاحَةٍ بِغَيْرِ أُنْسِكَ وَمِنْ كُلِّ سُرُورٍ بِغَيْرِ

تجھ سے تیری اطاعت کے سوا ہر کام سے میرے معبود

قُرْبِكَ وَمِنْ كُلِّ شُغْلٍ الْحَقُّ بِغَيْرِ

تو نے ہی کہا ہے اور تیرا قول حق ہے کہ اے ایمان

طَاعَتِكَ اِلٰهِي اَنْتَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ يَا

لانے والو ذکر کرو اللہ کا بہت زیادہ ذکر اور صبح و شام

أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا

اس کی پاکیزگی بیان کرو نیز تو نے ہی کہا اور تیرا قول حق ہے

كَثِيرًا وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا وَقُلْتَ

پس تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا تو نے ہمیں اپنی یاد کا حکم دیا

وَقَوْلُكَ الْحَقُّ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ فَأَمَرْتَنَا

اور ہم سے وعدہ کیا اس پر کہ تو بھی ہمیں یاد کرے گا

بِذِكْرِكَ وَوَعَدْتَنَا عَلَيْهِ أَنْ تَذْكُرَنَا

یہ ہمارے لیے شرف و احترام اور بڑائی ہے تو اب ہم

تَشْرِيفًا لَنَا وَتَفْخِيمًا وَإِعْظَامًا وَهَا نَحْنُ

تجھے یاد کر رہے ہیں جیسے تو نے حکم دیا ہے پس تو بھی ہم سے

ذَاكِرُوكَ كَمَا أَمَرْتَنَا فَأَنْجِزْ لَنَا مَا وَعَدْتَنَا

کیا ہوا وعدہ پورا کر اے یاد کرنے والوں کو

يَا ذَاكِرَ الذَّاكِرِينَ وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

یاد کرنے والے اور اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا مَلَاذَ اللَّائِذِيْنَ وَيَا مَعَاذَ الْعَائِذِيْنَ

میرے معبود اے پناہ دینے والوں کی پناہ اے پناہ لینے

وَيَا مُنْجِيَ الْهَالِكِيْنَ وَيَا عَاصِمَ الْبَائِسِيْنَ

والوں کی پناہ گاہ اے ہلاکت والوں کو نجات دینے

وَيَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنِ وَيَا مُجِيْبَ الْمُضْطَرِّيْنَ

والے اے بے چاروں کے نگہدار اے بے کسوں پر رحم

وَيَا كَنْزَ الْمُفْتَقِرِيْنَ وَيَا جَابِرَ الْمُنْكَسِرِيْنَ

کرنے والے اے پریشانوں کی دعا قبول کرنے والے

وَيَا مَأْوَى الْمُنْقَطِعِيْنَ وَيَا نَاصِرَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

اے محتاجوں کے خزانے اے ٹوٹے ہوؤں کے جوڑنے والے

وَيَا مُجِيْرَ الْخَائِفِيْنَ وَيَا مُغِيْثَ الْمَكْرُوْبِيْنَ

اے بے ٹھکانوں کی جائے پناہ اور اے کمزوروں کی مدد کرنے والے

وَيَا حِصْنَ اللَّاجِيْنَ إِنْ لَمْ أَعُذْ بِعِزَّتِكَ

اے خوف زدوں کی پناہ گاہ اے دکھیاروں کے فریاد رس

فَبِمَنْ اَعُوذُ؟ وَاِنْ لَمْ اَلُذْ بِقُدْرَتِكَ فَبِمَنْ

اے پناہ خواہوں کی محکم جائے پناہ اگر میں تیری عزت کی پناہ نہ لوں

اَلُوذُ؟ وَقَدْ اَلْجَأَتْنِي الذُّنُوبُ اِلَى التَّشَبُّثِ

تو کس کی پناہ لوں اور اگر تیری قدرت سے التجا نہ کروں

بِاَذْيَالِ عَفْوِكَ وَأَحْوَجَتْنِي الْخَطَايَا اِلَى

تو کس سے التجا کروں میرے گناہوں نے مجھے مجبور کر دیا ہے

اسْتِفْتَاحِ أَبْوَابِ صَفْحِكَ وَدَعَتْنِي الْاِسَاءَةُ

کہ میں تیرے دامان عفو کو تھام لوں اور میری خطاؤں نے مجھے تیری چشم پوشی کے

اِلَى الْاِنَاخَةِ بِفِنَاءِ عِزِّكَ وَحَمَلَتْنِي الْمَخَافَةُ

دروازوں کے کھلنے کا طلبگار بنا دیا ہے میری بدعملی نے مجھے تیرے آستان عزت پر ڈیرہ

مِنْ نِقْمَتِكَ عَلَى التَّمَسُّكِ بِعُرْوَةِ عَطْفِكَ

ڈال دینے کو کہا ہے اور تیرے عذاب کے خوف نے مجھے تیری مہربانی کی

وَمَا حَقُّ مَنِ اعْتَصَمَ بِحَبْلِكَ أَنْ يُخْذَلَ

ڈوری پکڑ لینے پر آمادہ کیا ہے اور حق یہ نہیں کہ جو تیری رسی کو پکڑ لے تو اسے رسوا کیا جائے

وَلَا يَلِيقُ بِمَنِ اسْتَجَارَ بِعِزِّكَ اَنْ يُسْلَمَ

اور یہ مناسب نہیں کہ جو تیری عزت کی پناہ لے اس کو بے سہارا چھوڑا جائے

أَوْ يُهْمَلَ اِلٰهِي فَلَا تُخْلِنَا مِنْ حِمَايَتِكَ وَلَا

میرے معبود ہمیں اپنی حمایت کے بغیر چھوڑ نہ دے اور

تُعْرِنَا مِنْ رِعَايَتِكَ وَذُدْنَا عَنْ مَوَارِدِ

ہمیں اپنی نگاہ سے محروم نہ فرما اور ہمیں ہلاکت کی جگہوں سے دور رکھ

الْهَلَكَةِ فَاِنَّا بِعَيْنِكَ وَفِي كَنَفِكَ وَلَكَ

کیونکہ ہم تیرے زیر نظر اور تیری پناہ میں ہیں میں تیرے مخصوص

أَسْأَلُكَ بِأَهْلِ خَاصَّتِكَ مِنْ مَلَائِكَتِكَ

فرشتوں اور تیری مخلوق میں سے صالح بندوں کا واسطہ دے کر

وَالصَّالِحِينَ مِنْ بَرِيَّتِكَ اَنْ تَجْعَلَ عَلَيْنَا

تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہم پر ایسی سپر ڈال دے جو ہمیں ہلاکتوں سے بچائے

وَاقِيَةً تُنْجِينَا مِنَ الْهَلَكَاتِ وَتُجَنِّبُنَا

اور آفتوں سے محفوظ رکھے اور تو ہمیں بڑی بڑی مصیبتوں سے

مِنَ الْآفَاتِ وَتُكِنُّنَا مِنْ دَوَاهِي الْمُصِيبَاتِ

نجات عطا فرما میں چاہتا ہوں کہ تو ہم پر اپنی طرف سے تسکین نازل کر

وَأَنْ تُنْزِلَ عَلَيْنَا مِنْ سَكِينَتِكَ وَأَنْ

اور ہمارے چہروں کا اپنی محبت کے انوار سے احاطہ فرما

تُغَشِّيَ وُجُوهَنَا بِأَنْوَارِ مَحَبَّتِكَ وَأَنْ تُؤْوِيَنَا

ہمیں اپنے محکم و پائیدار رکن کا سہارا دے اور اپنی عصمت کے

إِلَى شَدِيدِ رُكْنِكَ وَأَنْ تَحْوِيَنَا فِي أَكْنَافِ

سایوں میں لے لے واسطہ ہے تیری رحمت و ملائمت کا

عِصْمَتِكَ بِرَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ

برائے ترحیم

بیگم و سید حسین احمد زیدی

بیگم و سید امیر حیدر زیدی

بیگم و سید سبط حسن زیدی

بیگم و سید شمیم حیدر زیدی

بیگم و ڈاکٹر سید سرفراز حسین زیدی

سیدہ شہلا زیدی بنت سید امیر حیدر زیدی

و جملہ مومنین و مومنات شہدائے ملت جعفریہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِي اَسْكَنْتَنَا دَارًا حَفَرَتْ لَنَا حُفَرَ

میرے معبود تو نے ہمیں ایسے گھر میں رکھا جس کو فریب کے کدال نے

مَكْرِهَا وَعَلَّقْتَنَا بِاَيْدِي الْمَنَايَا فِي حَبَائِلِ

ہمارے لیے کھودا ہے اور تو نے ہمیں آرزوؤں کے ہاتھوں اسکے فریب کی

غَدْرِهَا فَاِلَيْكَ نَلْتَجِئُ مِنْ مَكَائِدِ خُدَعِهَا

رسیوں میں جکڑ دیا ہے پس ہم اس دنیا کے فریبوں اور مکاریوں سے

وَبِكَ نَعْتَصِمُ مِنَ الْاِغْتِرَارِ بِزَخَارِفِ

تیری پناہ چاہتے ہیں اور ہم اس کی جھوٹی زینتوں کے دھوکوں سے

زِينَتِهَا فَاِنَّهَا الْمُهْلِكَةُ طُلَّابَهَا الْمُتْلِفَةُ

بچنے کے لیے تیرا مضبوط دامن پکڑتے ہیں کہ یہ اپنے طلبگاروں

حُلَّالَهَا الْمَحْشُوَّةُ بِالْآفَاتِ الْمَشْحُونَةُ

کو ہلاک کرنے والی یہاں آنے والوں کو تلف کرنے والی آفتوں سے

بِالنَّكَبَاتِ اِلٰهِي فَزَهِّدْنَا فِيهَا وَسَلِّمْنَا

بھری بدحالیوں سے پر ہے میرے معبود ہمیں اس میں زہد عطا فرما

مِنْهَا بِتَوْفِيقِكَ وَعِصْمَتِكَ وَانْزِعْ عَنَّا

اور اپنی مدد اور حفاظت کے ساتھ اس سے بچائے رکھ اپنی مخالفت کی

جَلَابِيبَ مُخَالَفَتِكَ وَتَوَلَّ أُمُورَنَا بِحُسْنِ

چادروں کو ہم سے جدا کر دے اپنی بہترین کفایت سے

كِفَايَتِكَ وَأَوْفِرْ مَزِيدَنَا مِنْ سَعَةِ رَحْمَتِكَ

ہمارے امور کی سرپرستی فرما ہمارے لیے اپنی وسیع رحمت فراواں

وَأَجْمِلْ صِلَاتِنَا مِنْ فَيْضِ مَوَاهِبِكَ وَاغْرِسْ

اور زیادہ کر دے اپنی عطاؤں کے فیض سے ہمیں بہترین جزائیں دے

فِي أَفْئِدَتِنَا أَشْجَارَ مَحَبَّتِكَ وَأَتْمِمْ لَنَا

ہمارے دلوں میں اپنی محبت کے درخت لگا دے ہمیں

أَنْوَارَ مَعْرِفَتِكَ وَأَذِقْنَا حَلَاوَةَ عَفْوِكَ

اپنی معرفت کے سبھی انوار عطا کر دے اور اپنے عفو کی شیرینی اور

وَلَذَّةَ مَغْفِرَتِكَ وَأَقْرِرْ أَعْيُنَنَا يَوْمَ

بخشش کی لذت کا ذائقہ چکھا اپنی ملاقات کے دن اپنے جمال سے

لِقَائِكَ بِرُؤْيَتِكَ وَأَخْرِجْ حُبَّ الدُّنْيَا مِنْ

ہماری آنکھیں ٹھنڈی فرما اور ہمارے دلوں سے دنیا کی محبت نکال دے

قُلُوبِنَا كَمَا فَعَلْتَ بِالصَّالِحِينَ مِنْ صَفْوَتِكَ

جیسا کہ تو نے اپنے مخصوص نیکو کاروں اور اپنے چنے ہوئے خوش کردار

وَالْأَبْرَارِ مِنْ خَاصَّتِكَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ

لوگوں کے لیے کیا تجھے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

الرَّاحِمِينَ وَيَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ

اور اے سب سے زیادہ کرم کرنے والے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ
وَاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

سیّدہ تمثیل زہراء بنت سید علی قنبر زیدی

جملہ مومنین و مومنات و شہدائے ملت جعفریہ

ShianeAli.com
UmmulBaneen.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَكَ الْحَمْدُ يَا ذَا الْجُودِ وَالْمَجْدِ وَالْعُلَى

تیرے لیے حمد ہے اے سخاوت بزرگی اور بلندی والے تو بابرکت ہے (جسے چاہے)

تَبَارَكْتَ تُعْطِي مَنْ تَشَاءُ وَتَمْنَعُ اِلٰهِي

دیتا ہے جسے چاہے روک لیتا ہے اے میرے معبود میرے خالق میری پناہ اور

وَخَلَّاقِي وَحِرْزِي وَمَوْئِلِي إِلَيْكَ لَدَى

میرے پشت پناہ میں تنگی اور فراخی میں تیری ہی بارگاہ میں فریاد کرتا ہوں

الْاِعْسَارِ وَالْيُسْرِ أَفْزَعُ اِلٰهِي لَئِنْ

اے میرے معبود اگر میری خطائیں بڑی ہیں اور بہت ہیں

جَلَّتْ وَجَمَّتْ خَطِيئَتِي فَعَفْوُكَ عَنْ ذَنْبِي

تیرا عفو میرے گناہوں کی نسبت عظیم اور وسیع ہے اے میرے معبود اگر چہ میں

أَجَلُّ وَأَوْسَعُ اِلٰهِي لَئِنْ أَعْطَيْتُ نَفْسِي

نے اپنے نفس کی بری خواہش پوری کی اب میں پشیمانی کے بیابانوں میں

سُؤْلَهَا فَهَا أَنَا فِي رَوْضِ النَّدَامَةِ أَرْتَعُ

سرگرداں ہوں اے میرے معبود تو میری حالت فقر و فاقہ کو جانتا ہے

اِلٰهِي تَرىٰ حَالِي وَفَقْرِي وَفَاقَتِي وَأَنْتَ

اور تو ہی میری پوشیدہ عرض احوال کو سنتا ہے اے معبود پس میری امید کو قطع نہ کر

مُنَاجَاتِي الْخَفِيَّةَ تَسْمَعُ اِلٰهِي فَلَا تَقْطَعُ

اور نہ ہی ٹیڑھا کر میرے دل کو کہ میں تیرے جود وسخا کی طمع رکھتا ہوں اے میرے معبود

رَجَائِي وَلَا تُزِغْ فُؤَادِي فَلِي فِي سَيْبِ

اگر تو نے مجھے ناامید کیا اور اپنی بارگاہ سے دور کر دیا پھر کون ہے جس سے امید رکھوں

جُودِكَ مَطْمَعُ اِلٰهِي لَئِنْ خَيَّبْتَنِي أَوْ

اور کسے اپنا شفیع بناؤں اے میرے معبود مجھے اپنے عذاب سے نجات دے

طَرَدْتَنِي فَمَنْ ذَا الَّذِي أَرْجُو وَمَنْ ذَا

کہ بے شک میں قیدی، خوار، خوف زدہ اور تجھ سے ہراساں ہوں اے میرے معبود

أُشَفِّعُ ؟ اِلٰهِي أَجِرْنِي مِنْ عَذَابِكَ إِنَّنِي

مجھ کو دلیل و حجت تلقین کر میرا ساتھی بن اس وقت جب قبر میں میرا مقام

أَسِيرٌ ذَلِيلٌ خَائِفٌ لَكَ أَخْضَعُ اِلٰهِي

اور میرا ٹھکانہ ہو اے میرے معبود اگر تو مجھے ہزار سال تک عذاب کرے

فَآنِسْنِي بِتَلْقِينِ حُجَّتِي إِذَا كَانَ لِي فِي

تو بھی تجھ سے میری امید کا رشتہ ہرگز نہ ٹوٹے گا اے میرے معبود مجھے اپنے عفو کا

الْقَبْرِ مَثْوَیً وَمَضْجَعُ اِلٰهِی لَئِنْ عَذَّبْتَنِی

ذائقہ چکھا اس دن کہ جس میں مال اور اولاد کچھ فائدہ نہیں دیں گے

أَلْفَ حِجَّةٍ فَحَبْلُ رَجَائِی مِنْكَ لَا يَتَقَطَّعُ

اے میرے معبود اگر تو نے میری سرپرستی نہ کی تو میں تباہ ہو جاؤں گا

اِلٰهِی أَذِقْنِی طَعْمَ عَفْوِكَ یَوْمَ لَا بَنُونَ

اور اگر تو میری سرپرستی کرے تو میں تباہ نہیں ہو سکتا اے میرے معبود جب تو بدکار کو

وَلَا مَالٌ هُنَالِكَ يَنْفَعُ اِلٰهِی لَئِنْ لَمْ

معاف نہ فرمائے گا تو پھر کون چاہت سے گناہ کرنے والے کا بھلا کرے

تَرْعَنِی كُنْتُ ضَائِعًا وَاِنْ كُنْتَ تَرْعَانِی

اے میرے معبود اگر میں نے برائی سے بچنے میں کوتاہی کی ہے تو اب میں صاف

فَلَسْتُ أُضَيَّعُ اِلٰهِی اِذَا لَمْ تَعْفُ عَنْ

دلی سے معافی کے پیچھے چل رہا ہوں اے میرے معبود اگر میں نے جہالت سے

غَيْرِ مُحْسِنٍ فَمَنْ لِمُسِيءٍ بِالْهَوَیٰ يَتَمَتَّعُ

خطا کی ہے تو اب تجھ سے ایسی امید رکھتا ہوں کہ کہا جائے اسے کوئی بے چینی نہیں

اِلٰهِی لَئِنْ فَرَّطْتُ فِی طَلَبِ التُّقَیٰ فَهَا أَنَا

اے میرے معبود میرے گناہ پہاڑ سے بڑے اور اونچے ہیں اور تیری بخشش میرے

إِثْرَ الْعَفْوِ أَقْفُو وَأَتْبَعُ اِلٰهِي لَئِنْ أَخْطَأْتُ

گناہوں کی نسبت عظیم اور بلند ہے اے میرے معبود تیرے فضل و کرم کی یاد میرے دل کو

جَهْلًا فَطَالَمَا رَجَوْتُكَ حَتّٰى قِيْلَ مَا هُوَ

ٹھنڈا کرتی ہے اور میری خطاؤں کے یاد میری آنکھوں میں آنسو لے آتی ہے

يَجْزَعُ اِلٰهِي ذُنُوْبِي بَذَّتِ الطَّوْدَ وَاعْتَلَتْ

اے میرے معبود میری لغزش معاف کر اور میرے گناہ مٹا دے کیونکہ میں گناہوں کا

وَصَفْحُكَ عَنْ ذَنْبِي أَجَلُّ وَأَرْفَعُ اِلٰهِي

اقراری ترساں اور ان پر زاری کرتا ہوں اے میرے معبود مجھے اپنی طرف

يُنَجِّي ذِكْرُ طَوْلِكَ لَوْعَتِي وَذِكْرُ الْخَطَايَا

سے خوشی و راحت عطا فرما کہ میں تیرے فضل کے دروازوں کے سوا کوئی دروازہ نہیں

الْعَيْنَ مِنِّي يُدَمِّعُ اِلٰهِي أَقِلْنِي عَثْرَتِي

کھٹکھٹاتا اے میرے معبود اگر تو نے مجھے دور کیا یا مجھے پست کر دیا

وَامْحُ حَوْبَتِي فَإِنِّي مُقِرٌّ خَائِفٌ مُتَضَرِّعُ

تو اے میرے پروردگار میرا کیا حیلہ ہے اور میں کیا کروں گا

اِلٰهِي أَنِلْنِي مِنْكَ رَوْحًا وَرَاحَةً فَلَسْتُ

اے میرے معبود تجھ سے محبت کرنے والا رات کو جاگتا ہے تجھے یاد کرتا اور

لَئِنْ اِلٰهِی أَقْرَعُ فَضْلِكَ أَبْوَابِ سِوَىٰ

دعا مانگتا ہے اور تجھے بھولنے والا سو رہا ہے اے میرے معبود یہ مخلوق ہے

يَا رَبِّ حِيلَتِي فَمَا أَهَنْتَنِي أَوْ أَقْصَيْتَنِي

جن میں کچھ سوئے ہوئے اور کچھ بیدار ہیں جو رات میں آہ و فغاں

فِي الْحُبِّ حَلِيفُ اِلٰهِي ؟ أَصْنَعُ كَيْفَ أَمْ

کر رہے ہیں اور یہ سب کے سب تیری بخشندگی کے امیدوار ہیں

وَالْمُغَفَّلُ وَيَدْعُو يُنَاجِي سَاهِرٌ اللَّيْلِ

کہ تیری عظیم رحمت اور بہشت بریں کی حرص رکھتے ہیں

نَائِمٍ بَيْنَ مَا الْخَلْقُ وَهٰذَا اِلٰهِي يَهْجَعُ

اے میرے معبود میری امید نے مجھے سلامتی کا آرزو مند بنایا ہے

يَرْجُو وَكُلُّهُمْ يَتَضَرَّعُ لَيْلِهِ فِي وَمُنْتَبِهٍ

اور میرے گناہوں کی برائی مجھ پر طعن کر رہی ہے اے میرے معبود

وَفِي الْعُظْمٰى لِرَحْمَتِكَ رَاجِيًا نَوَالَكَ

پس اگر تو معاف کردے یہ معافی مجھے چھڑا دینے والی ہے

سَلَامَةً رَجَائِي يُمَنِّيْنِي اِلٰهِي يَطْمَعُ الْخُلْدِ

اور اگر ایسا نہ ہوا تو میں تباہ کرنے والے گناہوں میں پڑا رہوں گا

وَقُبحُ خَطِیئَاتِی عَلَیَّ یُشَنِّعُ اِلٰهِی فَاِنْ

اے میرے معبود پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہاشمی کے حق کے واسطے سے اور

تَعفُو فَعَفُوُكَ مُنقِذِی وَاِلَّا فَبِالذَّنْبِ

ان پاک ہستیوں کے واسطے جو تیرے حضور عجز کرتے ہیں

الْمُدَمِّرِ أُصرَعُ اِلٰهِی بِحَقِّ الْهَاشِمِیِّ مُحَمَّدٍ

اے میرے معبود نبی مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے ابن عم کے حق کے واسطے

وَحُرمَةِ أَطْهَارٍ هُمْ لَكَ خُضَّعُ اِلٰهِی بِحَقِّ

اور ان نیکوکاروں کے واسطے جو تیرے سامنے فروتن ہیں

الْمُصطَفٰی وَابْنِ عَمِّهٖ وَحُرمَةِ أَبْرَارٍ هُمْ

اے میرے معبود مجھے دین احمد مجتبیٰ پر اٹھا اس حال میں کہ

لَكَ خُشَّعُ اِلٰهِی فَأَنْشِرْنِی عَلَی دِینِ أَحْمَدٍ

میں تائب متقی تیرا فرمانبردار و مطیع ہوں اے میرے معبود و سردار

مُنِیبًا تَقِیًّا قَانِتًا لَكَ أَخْضَعُ وَلَا تَحْرِمَنِّی

مجھے محروم نہ فرما مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظیم تر شفاعت سے کہ

یَا اِلٰهِی وَسَیِّدِی شَفَاعَتَهُ الْكُبْرٰی

ان کی شفاعت مقبول ہے اور رحمت فرمان ان پر

فَذَاكَ الْمُشَفَّعُ وَصَلِّ عَلَيْهِمْ مَا دَعَاكَ

جب تک موحدین تجھے پکاریں اور نیکوکار لوگ تجھے چپکے سے یاد کریں

مُوَحِّدٌ وَنَجَاكَ أَخْيَارٌ بِبَابِكَ رُكَّعُ

جو تیرے حضور جھکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَھُمْ
وَاَھْلِكْ عَدُوَّھُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

بلندیٔ درجات: بیگم و سید وصی حیدر زیدی، تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی
و جملہ مومنین و مومنات شہدائے ملت جعفریہ